5284 ـ کیاعائشہ رضي اللہ تعالی عنہا نے کہا تھا کہ انہیں رات کودفن کیا جاۓ

سوال

میں پڑھا ہے کہ عائشہ رضي اللہ تعالی عنہانے یہ مطالبہ کیا تھا کہ انہیں رات کودفن کیا جائے ، اگر یہ بات صحیح ہے تواس کا سبب کیا تھا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

محمد بن عمر واقدی نے اس کا ذکرکیا ہے اوراسی طرح امام حاکم رحمہ اللہ تعالی نے بھی مستدرک (4 /6-7) اور ابن سعد رحمہ اللہ تعالی نے طبقات ابن سعد (8/76-77)میں اورامام ذھبی رحمہ اللہ تعالی نے سیر اعلام النبلاء (2/162) میں اس کے علاوہ دوسرے مصادر میں بھی مذکورہے ۔

واللہ اعلم ظاہر تویہی ہوتا کہ یا تواس لیے تھا دفن میں دیرنہ ہو اس لیے کہ ان کی وفات ستائیس رمضال کی شب وتروں کے بعد ہوئ تھی ، یاپھر اس میں ان کے لیے زیادہ پردہ اورستر تھا ، یاپھر ان کے دوراور خاص کرزندگی کے آخری ایام میں رات کودفن کرناغلط شمار ہونے لگا تھا توانہوں نے اس فعل سے حکم بیان کرنا چاہا ، یا کوئ اوروجہ ہوگي ، عمومی طورپر رات کو ضرورت کے پیش نظردفن کیا جاسکتا ہے ۔

واللہ تعالی اعلم .